(فیکٹ شیٹ آگے شروع ہوتی ہے)

# اس سائٹ کے بارے میں معلومات حاصل کرتے رہنے کے لیے ابھی اقدام کریں!

DEC کی ڈویژن آف انوائرنمنٹل ریمیڈی ایشن (DER) اب آلودہ مقامات کے بارے میں معلومات *ای میل کے ذریعے الیکٹرانک طور پر* فراہم کرتی ہے۔

اگر آپ اس فیکٹ شیٹ میں بیان کردہ آلودہ مقام کے بارے میں معلومات حاصل کرتے رہنا چاہتے ہیں تو:

**آپ کو DER کی ای میل لسٹ سرور میں رجسٹر ہونا ہوگا :**
https://dec.ny.gov/environmental-protection/site-cleanup/regional-remediation-project-information/environmental-cleanup-email-newsletters





DERآپ کا ای میل ایڈریس رجسٹر نہیں کر سکتی؛ یہ صرف ای میل ایڈریس کا مالک خود کر سکتا ہے۔ اگر آپ پہلے ہی اس کاؤنٹی کے لیے لسٹ سرو میں رجسٹر ہیں جہاں یہ سائٹ واقع ہے، تو آپ کو مزید کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**آپ کو "پیپر لیس" کیوں ہونا چاہیے:**

- سائٹ کی معلومات زیادہ تیزی سے حاصل کریں اور انہیں آسانی سے شیئر کریں؛
- منتخب کاؤنٹی میں موجود تمام سائٹس کے بارے میں معلومات حاصل کریں — جو پڑھنا چاہیں پڑھیں اور باقی حذف کر دیں؛
- اس سے ماحول کو فائدہ پہنچتا ہے اور آپ کے ٹیکس کے پیسے کی بچت ہوتی ہے۔

**اگر "پیپر لیس" آپ کے لیے ممکن نہیں ہے تو**، اس فیکٹ شیٹ میں درج DER پروجیکٹ مینیجر کو کال کریں یا خط لکھیں۔ یہ واضح کریں کہ آپ فیکٹ شیٹس کی کاغذی کاپیاں ڈاک کے ذریعے وصول کرنا چاہتے ہیں۔ اپنی خط و کتابت میں سائٹ کا نام شامل کریں۔ کاغذی کاپیاں صرف افراد کے لیے دستیاب ہیں۔ گروپس، تنظیمیں، کاروبار اور سرکاری اداروں کے بارے میں یہ تصور کیا جاتا ہے کہ ان کے پاس ای میل تک رسائی موجود ہے۔

# سابقہ نیو سٹی لنک
# آٹو ریپیئر سائٹ

براؤن فیلڈ کلین اپ پروگرام
سائٹ نمبر C224407 :
بروکلین، کنگ کاؤنٹی

اپریل 2026

Department of Environmental Conservation

## براؤن فیلڈ سائٹ پر ماحولیاتی صفائی کا آغاز

جلد ہی صفائی کا عمل شروع ہونے والا ہے جو سابقہ نیو سٹی لنک آٹو ریپیئر سائٹ سے متعلق آلودگی کو دور کرے گا۔ یہ سائٹ 545–547 کونی آئلنڈ ایونیو اور 50 ہنکلی پلیس، بروکلین، کنگز کاؤنٹی میں واقع ہے۔ سائٹ کا مقام نقشے میں دکھایا گیا ہے۔ صفائی کی سرگرمیاں 545 کونی آئلنڈ LLC "(درخواست دہندہ") کی جانب سے انجام دی جائیں گی اور ان کی نگرانی نیو یارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف انوائرنمنٹل کنزرویشن (NYSDEC) کرے گا۔ NYSDEC نے یہ طے کیا ہے کہ ریمیڈیئل ایکشن ورک پلان (RAWP) عوامی صحت اور ماحولیات کے تحفظ کو یقینی بناتا ہے اور اس منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔

- منظور شدہ RAWP اور پراجیکٹ کے دیگر دستاویزات آن لائن یہاں دستیاب ہیں : https://extapps.dec.ny.gov/data/DecDocs/C224407/
- دستاویزات "Where to Find Information" میں درج مقام یا مقامات پر بھی دستیاب ہیں۔

صفائی کی سرگرمیاں اپریل 2026 میں شروع ہونے اور تقریباً 5 ماہ جاری رہنے کی توقع ہے۔

### آنے والی صفائی کی سرگرمیوں کے نمایاں نکات

اس صفائی کا مقصد ایسے معیار تک صفائی حاصل کرنا ہے جو عوامی صحت اور ماحولیات کا تحفظ کرے۔ اہم اقدامات درج ذیل ہیں:

- مقام کے پورے رقبے میں زمین کی سطح سے تقریباً 15 فٹ نیچے (bgs) تک آلودہ مٹی کی کھدائی اور اسے مقام سے باہر منتقل کر کے ٹھکانے لگانا؛
- صفائی کے بعد مٹی کے نمونے جمع کرنا اور ان کا تجزیہ کرنا تاکہ صفائی کی مؤثریت کا جائزہ لیا جا سکے؛
- پانی سے سیر شدہ مٹی اور زیرِ زمین پانی میں پیٹرولیم سے متعلق بخاراتی نامیاتی مرکبات (VOCs) کی بلند مقدار کو کم کرنے کے لیے انجیکشن پوائنٹس کے ذریعے موقع پر کیمیائی تکسیدی عمل (ISCO) نافذ کرنا؛
- زیرِ زمین تہوں سے VOCs کو نکالنے اور مٹی کی گیس میں VOCs کے مقام سے باہر پھیلاؤ کو روکنے کے لیے مٹی کی گیس نکالنے کا نظام (SVE) نصب کرنا، چلانا اور اس کی نگرانی کرنا؛
- مٹی کی گیس کے عمارت میں داخل ہونے سے متعلق ممکنہ نمائش کو کم کرنے کے لیے بنیاد کے نیچے دباؤ کم کرنے کا فعال نظام (SSDS) نصب کرنا، چلانا اور اس کی نگرانی کرنا؛
- مقام کے نیچے زیرِ زمین پانی کے معیار کو دستاویزی شکل دینے کے لیے مستقل نگرانی کے کنویں نصب کرنا اور سہ ماہی بنیادوں پر زیرِ زمین پانی کی نگرانی شروع کرنا؛
- بیک فل کے طور پر استعمال کے لیے ایسا صاف مواد درآمد کرنا جو مقررہ مٹی کی صفائی کے مقاصد (SCOs) پر پورا اترتا ہو؛ اور
- مقام کے مناسب استعمال کو یقینی بنانے اور اصلاحی نظاموں کی طویل مدتی دیکھ بھال کے لیے ماحولیاتی پابندی (EE) کا اندراج کرنا اور مقام کے انتظام کے منصوبے (SMP) کو نافذ کرنا۔

صفائی کے دوران ایک ہیلتھ اینڈ سیفٹی پلان (HASP) اور کمیونٹی ایئرمانیٹرنگ پلان (CAMP) بھی نافذ کیے جائیں گے۔ ان منصوبوں کا مقصد کارکنوں اور مقامی رہائشیوں کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے اور ان میں ہوا کی نگرانی کے ساتھ ساتھ گردوغبار اور بدبو کو کم کرنے کے اقدامات شامل ہیں۔

## اگلے مراحل

جب درخواست دہندہ صفائی کا عمل مکمل کر لے گا تو وہ حتمی انجینئرنگ رپورٹ (FER) تیار کر کے NYSDEC کو جمع کرائے گا۔ اس رپورٹ میں صفائی کی مکمل تفصیلات شامل ہوں گی اور یہ تصدیق کی جائے گی کہ صفائی کے تمام تقاضے پورے ہو چکے ہیں یا پورے کیے جائیں گے۔

جب NYSDEC مطمئن ہو جائے گا کہ صفائی کے تقاضے پورے ہو گئے ہیں تو وہ FER کی منظوری دے گا اور درخواست دہندہ کو تکمیل کا سرٹیفکیٹ جاری کرے گا۔ اس کے بعد درخواست دہندہ مقام کو دوبارہ ترقی دے سکے گا اور صفائی اور ترقیاتی اخراجات کو پورا کرنے کے لیے ٹیکس کریڈٹس حاصل کرنے کا اہل بھی ہوگا۔

NYSDECایک معلوماتی شیٹ جاری کرے گا جس میں FER کے مندرجات کی وضاحت کی جائے گی۔ یہ معلوماتی شیٹ مقام پر تکمیل کے سرٹیفکیٹ کے اجرا کے سلسلے میں درکار کسی بھی ادارہ جاتی کنٹرولز (مثلاً ماحولیاتی پابندیاں) یا انجینئرنگ کنٹرولز (مثلاً مقام کی حفاظتی تہہ) کی نشاندہی کرے گی۔

## مقام کی تفصیل

یہ مقام بروکلین کے پروسپیکٹ پارک ساؤتھ علاقے میں واقع ہے اور نیو یارک سٹی کے ٹیکس نقشے میں بلاک 5114، لاٹس 1، 3 اور 29 کے طور پر درج ہے۔ اس مقام کا رقبہ تقریباً 19,090 مربع فٹ (0.44 ایکڑ) ہے۔ اس کے اطراف میں شمال کی جانب ہنکلی پلیس اور اس کے بعد کثیرالمقاصد کئی منزلہ تجارتی و رہائشی عمارت؛ جنوب میں بیورلی روڈ اور اس کے بعد کثیرالمقاصد تجارتی و رہائشی عمارتیں؛ جنوب مغرب میں کونی آئی لینڈ ایونیو اور اس کے بعد "شیل" پیٹرول پمپ؛ مغرب میں "کے ایف سی" ریسٹورنٹ؛ شمال مغرب میں پبلک اسکول 889؛ اور مشرق میں ایک اور دو خاندانوں کے رہائشی مکانات واقع ہیں۔

مجوزہ ترقی کے تحت یہاں ایک نئی سات منزلہ کثیرالمقاصد تجارتی و رہائشی عمارت تعمیر کی جائے گی جس کے نیچے ایک درجے کا تہہ خانہ ہوگا اور جو پورے مقام کے رقبے پر مشتمل ہوگا۔ متوقع طور پر اس منصوبے میں رہائشی یونٹس میں سے 25 فیصد یونٹس سستی رہائش کے لیے مختص کیے جائیں گے۔ منتخب کردہ صفائی کا طریقہ محدود رہائشی استعمال کے لیے مٹی کی صفائی کے مقررہ مقاصد پر پورا اترنے کی توقع رکھتا ہے۔

مقام سے متعلق مزید تفصیلات، جن میں ماحولیاتی اور صحت سے متعلق جائزوں کے خلاصے شامل ہیں، NYSDEC کے ماحولیاتی مقام صفائی ڈیٹا بیس میں دستیاب ہیں (سائٹ شناختی نمبر C224407 درج کر کے) اس پتے پر: https://appfactory.dec.ny.gov/DERExternalSearch/ERDSearch

## براؤن فیلڈ صفائی پروگرام

نیو یارک کا براؤن فیلڈ صفائی پروگرام (BCP) آلودہ جائیدادوں کی رضاکارانہ صفائی کی حوصلہ افزائی کرتا ہے جنہیں براؤن فیلڈز کہا جاتا ہے، تاکہ انہیں دوبارہ استعمال اور ترقی کے قابل بنایا جا سکے۔ ان استعمالات میں تفریحی سرگرمیاں، رہائش، کاروبار یا دیگر مقاصد شامل ہو سکتے ہیں۔ براؤن فیلڈ مقام سے مراد کوئی بھی ایسی غیر منقولہ جائیداد ہے جہاں آلودگی کی مقدار مٹی کی صفائی کے مقررہ مقاصد یا دیگر صحت یا ماحولیات پر مبنی معیارات، اصولوں یا رہنما ہدایات سے زیادہ ہو جو DECنے اختیار کی ہیں اور جو جائیداد کے معقول متوقع استعمال کے مطابق قابلِ اطلاق ہوں، جیسا کہ متعلقہ ضوابط میں بیان کیا گیا ہے۔

BCP کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: https://dec.ny.gov/environmental-protection/site-cleanup/brownfield-and-state-superfund-programs/brownfield

## DEC ڈیلیورز کے ذریعے باخبر رہیں

**ہم آپ کو ترغیب دیتے ہیں کہ اس معلوماتی شیٹ کو اپنے پڑوسیوں اور کرایہ داروں کے ساتھ شیئر کریں اور/یا اسے اپنی عمارت میں کسی نمایاں جگہ پر آویزاں کریں تاکہ دوسرے لوگ بھی اسے دیکھ سکیں۔**
مقام سے متعلق تازہ معلومات ای میل کے ذریعے حاصل کرنے کے لیے رجسٹریشن کریں:

https://dec.ny.gov/environmental-protection/site-cleanup/regional-remediation-project-information/environmental-cleanup-email-newsletters

نوٹ: اگر آپ پہلے ہی رجسٹر ہو چکے ہیں اور یہ معلوماتی شیٹ الیکٹرانک طور پر وصول کر چکے ہیں تو اس ہدایت کو نظر انداز کریں۔

## DECinfo لوکیٹر

یہ ہے ایک تعاملی نقشہ جس کے ذریعے مخصوص مقامات کے ماحولیاتی معیار سے متعلق DEC کی دستاویزات اور عوامی معلومات تک رسائی حاصل کی جا سکتی ہے: https://dec.ny.gov/maps/interactive-maps/decinfo-locator

## رابطہ کی معلومات

**پروجیکٹ سے متعلق سوالات**
یلدز پالومبو، پروجیکٹ مینیجر
NYSDEC، ماحولیاتی صفائی ڈویژن
47-40 21ویں اسٹریٹ, لاگ آئلنڈ سٹیNY 11101 ,
فون: (718) 482-4891
Yildiz.Palumbo@dec.ny.gov

**پروجیکٹ سے متعلق صحت کے سوالات**
**سریتا واگھ**
**NYSDOH**، ماحولیاتی نمائش اور تحقیقات بیورو
ایمپائر اسٹیٹ پلازا، کارننگ ٹاور، کمرہ 1787، البانی، نیو یارک 12237
فون: (518) 402-7817
beei@health.ny.gov

## معلومات کہاں حاصل کریں

پروجیکٹ کی دستاویزات **DECinfo لوکیٹر** کے ذریعے اور درج ذیل مقامات پر دستیاب ہیں:
https://extapps.dec.ny.gov/data/DecDocs/C224407/

**بروکلین پبلک لائبریری – کورٹلیو برانچ**
1305کورٹلیو روڈ، آرگائل روڈ کے قریب
بروکلین، نیو یارک 11226
توجہ: شیئرڈ اسپین، نگران لائبریرین
(718) 693-7763
cspann@bklynlibrary.org

**بروکلین کمیونٹی بورڈ 14**
810ایسٹ 16ویں اسٹریٹ
بروکلین، نیو یارک 11230
توجہ :شان کیمپبیل
(718) 859-6357
info@cb14brooklyn.com

# مقام کی لوکیشن



New York State Department of Environmental Conservation

**www.dec.ny.gov**

ترجمہ دستیاب ہے۔ اپنی زبان نہیں دکھ رہی؟ پوچھیں!

| | |
|---|---|
| **English** | To request to have this document translated into your preferred language, please contact the person below. There is no charge for the translation. |
| **Español**<br>Spanish | Para solicitar la traducción de este documento al idioma que prefiera, comuníquese con la persona que aparece abajo. La traducción es gratis. |
| **简体字**<br>Simplified Chinese | 如需将此文件翻译成您偏好的语言，请与以下人员联系。翻译服务免费。 |
| **Русский**<br>Russian | Чтобы запросить перевод этого документа на предпочитаемый вами язык, пожалуйста, свяжитесь с указанным ниже лицом. Перевод предоставляется бесплатно. |
| **אידיש**<br>Yiddish | צו פארלאנגען צו האבן די דאקומענט איבערגעזעצט אין אייער שפראך, ביטע פארבינדט זיך מיט די מענטש אנגעוויזן אונטן. מען דארף נישט צאלן פארן איבערטייטשן. |
| **বাঙালি**<br>Bengali | এই নথিটি আপনার পছন্দের ভাষায় অনুবাদ করার অনুরোধ করতে, অনুগ্রহ করে নীচে উল্লেখ করা ব্যক্তির সাথে যোগাযোগ করুন। অনুবাদের জন্য কোন অর্থ লাগবে না। |
| **한국어**<br>Korean | 이 파일을 선호하는 언어로 번역하려면 아래 담당자에게 연락해 주세요. 번역 서비스는 무료입니다. |
| **Kreyòl Ayisyen**<br>Haitian Creole | Pou w fè demann tradiksyon dokiman sa a nan lang ou prefere a, tanpri kontakte moun ki anba a. Ou p ap peye pou tradiksyon an. |
| **Italiano**<br>Italian | Per richiedere la traduzione di questo documento nella tua lingua preferita, contatta la persona indicata qui sotto. La traduzione non prevede costi aggiuntivi. |
| **العربية**<br>Arabic | لطلب ترجمة هذا المستند إلى لغتك المفضلة، يُرجى الاتصال بالشخص التالي. تقدم خدمات الترجمة مجانًا ودون تكلفة. |
| **Polski**<br>Polish | Aby poprosić o przetłumaczenie tego dokumentu na preferowany język, skontaktuj się z osobą wskazaną poniżej. Tłumaczenie nie jest odpłatne. |
| **Français**<br>French | Veuillez contacter la personne mentionnée ci-dessous afin de procéder à votre demande de traduction de document pour votre langage de préférence. La traduction est gratuite. |
| **اردو**<br>Urdu | اس دستاویز کا ترجمہ آپ کی ترجیحی زبان میں کروانے کی درخواست کرنے کے لیے، براہ کرم ذیل کے فرد سے رابطہ کریں۔ اس ترجمہ کے لیے کوئی چارج نہیں ہے۔ |

یلدز پالومبو | **فون:** (718) 482-4891 | **ای میل:** Yildiz.Palumbo@dec.ny.gov